MALAPPURAM

SSLC PRE MODEL EXAMINATION – 2023

MPM-104 A

Time :- 45 minutes

URDU
(Part-A)

Total Score :- 20

1سے 3 تک کے سوالوں میں سے کسی دو کے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 2x1=2

1۔ "سوا سیر گیہوں" کس کی کہانی ہے؟ 1

[لیوٹالسٹائی' پریم چند، رابندر ناتھ ٹیگور]

2۔ ان ہاتھوں کی تعظیم کرو ان ہاتھوں کی تکریم کرو

دنیا کے چلانے والے ہیں ان ہاتھوں کو تسلیم کرو

یہ کس نظم کے اشعار ہیں؟ [ہل چلائیں، ہاتھوں کا ترانہ، کاغذ کی کشتی] 1

3۔ صحیح جملہ چن کر لکھیے۔

a) چڑیاں اپنے گھونسلے کی طرف جا رہی تھی۔ 1

b) چڑیاں اپنے گھونسلے کی طرف جا رہی تھیں۔

c) چڑیاں اپنے گھونسلے کی طرف جا رہے تھے۔

4سے 6 تک کے سوالوں میں سے کسی دو کے جواب چن کر لکھیے۔ 2x2=4

4۔ مناسب کرداروں کے نام چن کر خالی جگہ پر کیجیے۔ 2

[شنکر، بڑے میاں، پروہت جی، بادشاہ]

کہانی	کردار
a) انڈا ہے یا دانہ	....
b) سوا سیر گیہوں	....

5۔ نیچے چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[عبدالحلیم شرر، سعادت حسین منٹو، علی سردار جعفری، کرشن چندر]

6۔ نیچے چند جملے دیے گئے ہیں ۔ان میں سے ڈراما "عقل مند مچھیرا" کے کردار "مچھیرا" سے متعلقہ مناسب دو جملے لکھیے۔ 2

a) مچھیرا ایک بے وقوف آدمی ہے۔

b) مچھیرا ایک رشوت خور آدمی ہے۔

c) مچھیرا ایک ایماندار آدمی ہے۔

d) مچھیرا دربان کے استحصال کے شکار بن گیا ہے۔

7سے 9 تک کے سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ 2x3=6

7۔ "کسان لوگ اپنے لیے نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔ان کی محنت سے دنیا ترقی پاتی ہیں۔"

بچّو، کسانوں کی محنت اور ملک میں ان کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔ 3

8۔ دماغی اور جسمانی صحت قائم رکھنے میں یوگا کی بڑی اہمیت ہے۔یوگا کرنے سے مختلف بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔ بچّو،یوگا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

9۔ گووند ایک محنتی کسان ہے۔وہ بڑھاپے میں بھی تندرست ہے۔

بچّو، اگر آپ کو کسان گووند سے ملنے کا موقعہ ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے؟ تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

10سے 12 کے سوالوں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ 2x4=8

10۔ ڈراما "عقل مند مچھیرا" کا مرکزی کردار ہے مچھیرا۔اس ڈرامے میں محنتی اور مزدور لوگوں کو درپیش سماجی مسائل کھول کر بیان کیا ہے۔ 4

a) اس ڈراما کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) اس ڈراما کے کسی ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

11۔ انجلی کھیت کا حسین نظارہ اور گاؤں کی خوبصوتی دیکھ کر کلکتہ چلی آئی۔اگلے دن اسکول میں اس کی ملاقات سہیلی ممتاز بانو سے ہوئی۔ دونوں باتیں کرنے لگیں۔

ممتاز بانو : انجلی، چھٹیاں کیسے گزاری؟

انجلی : ....

بچّو، انجلی اور ممتاز بانو کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4

12۔ برستے بادلوں میں کھیتیاں جب لہلہاتی ہیں
تو ان کی آرزوئیں جھومتی ہیں مسکراتی ہیں

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟ 4

b) شعر میں شاعر کسانوں کی محنت اور ان کے مسائل کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

☆ ☆ ☆